FOMENT DE CIUTAT

Districte de Ciutat Vella | Ajuntament de Barcelona

اطفال کے مقام **Pou de la Figuera** کی تعمیر نو کی جا رہی ہے:

اطفال کے مقام Pou de la Figuera کو ڈیزائن کرنے کے لیے مجموعی شمولیت کا عمل

بارسیلونا سٹی کونسل، ضلع سیوتات بیلا میں بچوں کے لیے کھیلنے کا مقام Pou de la Figuera تعین کرنے کے لیے عام شمولیت کا عمل شروع کر رہی ہے اور رواں سال 2022 میں اس پلاسہ میں کھیلوں کی جگہ کی تعمیر نو کے لیے ایک ابتدائی منصوبہ تیار کرنا چاہتی ہے۔ یہ تعمیر نو پلاسہ کی حکمت عملی کے منصوبے کا حصہ ہے، جسے پڑوسیوں اور محلے میں موجود اداروں کی شمولیت کے ساتھ تیار کیا گیا ہے۔

یہ طریق شمولیت عمل 12". اطفال کے مقام کی تعمیر نو بطور کھیلنے والا شہر" جو حکمت عملی کے منصوبہ کے تحت ہے، جو اس پلاسہ کے ماحول کی بہتری کے عمل میں شامل ہے۔ اس ڈیزائن کے لیے شمولیت کے جس معیار کا اطلاق کرنا چاہتے ہیں وہ سرکاری جگہ پر پلان دے خوئیگو 2030 کے تحت قائم کیا گیا ہے، اور جو مندرجہ ذیل ہیں:

- تخلیقی کھیلوں کی کثیر پیشکشیں جو بچوں اور بچیوں کو صحت مند نشوونما کے لیے چیلنج کریں۔
- مختلف، محرک، متصل اور قابل رسائی مقام۔
- مختلف عمر، جنس، قوم اور اہلیت کے لحاظ سے مشمول کھیلنے کا مقام۔
- قدرت اور سبزہ زار کے ساتھ تعلق اور پانی اور ریت کو دریافت کرنا۔
- مشترک، بین نسلی اور تعاون والی کھیل۔
- کمیونٹی کے لیے ملاقات اور بقائے باہمی کی جگہ۔
- تفریحی، محفوظ اور کھلاڑ پن والا ماحول۔

اس مداخلت کے ذریعہ اس مقام کی سرایت اور کاسال دے باریو Pou de la Figuera کی رسائی پذیری میں بہتری کا امکان کیا جاتا ہے۔

اس عمل کا مقصد پڑوسیوں، اداروں، خاندانوں اور بچوں کے تعاون کے ذریعہ Pou de la Figuera کے نئے مقامات کو ڈیزائن کرنا ہے۔
ہر گروپ کے ساتھ اپنائے گئے متعدد ملاقاتوں کے طریق کے ذریعہ ڈیزائن کے مقصد سے پیشکشیں و تصورات کو جمع کیا جائے گا: اطفال کے مقام پر جو جگہیں ہونی چاہئیں، کھیلنے کے عنصر اور فرنیچر، مواد اور رنگ اور وہ سب جو گروپوں کے تصورات سے اکٹھا کیا جائے، جس کے ساتھ متحرک ٹیم کی تکنیکی رہنمائی شامل ہو گی۔
اس طرح، مقام کے ڈیزائن کے نتائج کے علاوہ، یہ توقع کیا جاتا ہے کہ یہی عمل ایک ملاقات، مثبت مداخلت، اور مقام کی اپنائیت اور تعلقات کا احساس پیدا کرنے کا ذریعہ بنے۔

مختلف گروپوں کے ساتھ متعدد سیشن متوقع ہے:

- پیشکش کے لیے ورکشاپ: جمعرات 10 فروری شام 5.00 تا 7.00 بجے، Casal de Barrio Pou de la Figuera
- کاریتو پارتیسیپاتیوو کے ساتھ سیشن: جمعہ 11 فروری، سہ پہر 4.30 تا شام 6.30 بجے، Escola Bressol Puigmal اور Escuela Cervantes کے سامنے
- ورکشاپ مشترک ڈیزائن 1: جمعرات 17 فروری، شام 6.00 تا 7.00 بجے، plaza del Pou de la Figuera
- ورکشاپ مشترک ڈیزائن 2: بدھ 23 فروری، شام 6.00 تا 7.00 بجے، plaza del Pou de la Figuera
- کاریتو پارتیسیپاتیوو کے ساتھ سیشن: جمعہ 25 فروری، سہ پہر 4.30 تا شام 6.30 بجے، Escuela Pere Vila کے سامنے
- کاریتو پارتیسیپاتیوو کے ساتھ سیشن: بدھ 2 مارچ، سہ پہر 4.30 تا شام 6.30 بجے، Escola Bressol Portal Nou کے سامنے
- محلے کے لیے تفریح و جشن اور عام سرگرمی کا دن: ہفتہ 5 مارچ، صبح 11.30 تا دوپہر 1.30 بجے، plaza del Pou de la Figuera
- واپسی کا سیشن: جمعرات 24 مارچ، شام 5.00 تا 7.00 بجے، Casal de Barrio Pou de la Figuera